© rasailojaraid.com



مریضوں کو صحت یاب کرنے کا جیبی انسائیکلو پیڈیا ہے۔ اگر کوئی دل چسپی رکھنے والا فرد انگریزی طبّی اصطلاحوں کے اُردو متبادل لفظوں کو اس کتاب سے اخذ کرلے تو میڈیکل کے طالب علموں کو حیرت ہوگی کہ وہ پیچیدہ چیزوں کو کتنے آسان لفظوں میں واضح کرسکتے اور مریضوں کو بات سمجھا سکتے ہیں۔ (سلیم منصور خالد)

## تعارف کتب

◉ **مسلمان خاندان (اسلام کی آغوش میں)**، ترجمہ و ترتیب: محمد اختر صدیقی۔ ناشر: مکتبہ اسلامیہ، رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۳۷۲۴۴۹۷۳-۰۴۲۔ صفحات: ۳۰۔ قیمت: درج نہیں۔ [مادیت اور مغربی ثقافتی یلغار کے نتیجے میں مسلمان خاندان بھی متاثر ہورہا ہے اور طلاق کی بڑھتی ہوئی شرح باعث تشویش ہے۔ زیرنظر کتاب میں اسلام کی معاشرتی اقدار، خاندان کی بنیادیں، میاں بیوی کے حقوق، خاوند اور بیوی کی اصلاح جیسے موضوعات کو زیربحث لایا گیا ہے۔ فقہی اور معاشرتی مسائل کا حل، علماے عرب و عجم کے فتووں سے پیش کیا گیا ہے۔ مسائل کی تفہیم کے لیے دل چسپ واقعات بھی شاملِ کتاب ہیں۔ اپنے موضوع پر مفید کتاب۔]

◉ **سہ ماہی الحنیف**، کراچی، مدیراعلیٰ: سید عرفان طارق۔ ملنے کا پتا: جامعہ حنفیہ، فاروقی مسجد، سعود آباد، کراچی-۷۵۰۸۰۔ فون: ۳۴۵۰۲۰۶۲-۰۲۱۔ قیمت (فی شمارہ): ۲۵ روپے۔ [دینی مدارس کے روایتی مجلوں سے قدرے مختلف انداز لیے ہوئے جامعہ حنفیہ کا ترجمان۔ قرآن، حدیث، فقہ، سیرت کے علاوہ حالاتِ حاضرہ، معاشرتی مسائل، مغرب اور اسلام کی کش مکش اور تاریخ کے موضوعات پر تحریریں۔ ادب، نعتیہ کلام، غزلیات، طنزومزاح اور حفظانِ صحت کے اصول ___ ایک علمی و فکری اور تحریکی مجلّہ!]

◉ **اُمت مسلمہ کے مسائل اور ان کا حل**، ڈاکٹر محمود احمد غازی، تدوین: سید عزیز الرحمٰن۔ ناشر: ریجنل دعوۃ سنٹر (سندھ) کراچی۔ پی ایس ۵/۱- کے ڈی اے اسکیم ۳۳، احسن آباد نزد گلشن معمار، کراچی۔ فون: ۳۶۸۸۱۸۶۲-۰۲۱۔ صفحات: ۳۱۔ قیمت: درج نہیں۔ [اُمت مسلمہ کو درپیش مسائل اور چیلنج کا تاریخی تناظر اور سیرت النبیؐ کی روشنی میں جائزہ۔ فکری و نظریاتی، سیاسی و اقتصادی، تعلیمی و ثقافتی چیلنجوں اور وحدت فکر اور عالم گیریت کے چیلنج کا اِدراک اور حل پیش کیا گیا ہے۔]

**ہم نے آج تراویح میں کیا پڑھا**، اُردو اور سندھی زبان میں تراویح کے دوران روزانہ پڑھے جانے والے قرآن کریم کے حصّے کا خلاصہ، نیز رمضان کے تقاضے اور تزکیہ و تربیت پر مبنی مختصر تحریریں، زکوٰۃ کی معاشرتی اہمیّت اور ادایگی اور دیگر روزمرہ مسائل کا تذکرہ اور **قرآنی و مسنون دعائیں** بلامعاوضہ دستیاب ہیں۔ خواہش مند خواتین و حضرات عام ڈاک کے لیے ۱۵ روپے اور ارجنٹ میل سروس کے لیے ۳۵ روپے کے ڈاک ٹکٹ بنام ڈاکٹر ممتاز عمر، T-473، کورنگی نمبر ۲، کراچی-74900 کے پتے پر ارسال کرکے حاصل کرسکتے ہیں۔

© rasailojaraid.com